# چھوٹے بچوں کے لیے موسم گرما میں حفاظت

## گرنے اور گرم گاڑی سے متعلق چوٹوں سے بچاؤ

ہر سال، خاص طور پر موسمِ گرما کے مہینوں میں جب خطرہ زیادہ ہوتا ہے، چھوٹے بچے کھڑکیوں اور بالکونیوں سے گرنے اور گرم گاڑیوں میں چھوڑ دیے جانے کی وجہ سے شدید زخمی ہو جاتے ہیں یا جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ یہ مہم آپ کو روزانہ کی بنیاد پر اٹھائے جانے والے آسان اور عملی اقدامات کے بارے میں بتاتی ہے، جو بچوں کو محفوظ رکھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

**بالکونی اور کھڑکی کی حفاظت 🏢**

چھوٹے بچے متجسس ہوتے ہیں اور تیزی سے اوپر چڑھ جاتے ہیں۔ گرنے سے بچاؤ میں مدد کریں۔

- بچوں کی قریب سے نگرانی کریں، خاص طور پر جب کھڑکیاں یا بالکونی کے دروازے کھلے ہوں
- فرنیچر کو کھڑکیوں اور بالکونی کی ریلنگ سے دور رکھیں
- بالکونی کے دروازوں پر چائلڈ پروف لاک نصب یا استعمال کریں
- یقینی بنائیں کہ کھڑکیوں پر درست طریقے سے کام کرنے والے حفاظتی گارڈز یا اسٹاپس موجود ہوں تاکہ وہ بہت زیادہ نہ کھل سکیں
- اگر کھڑکیوں کے حفاظتی آلات یا جالیاں موجود نہ ہوں یا خراب ہوں تو عمارت کے مالک کو اطلاع دیں

**یاد رکھیں: بند کریں، لاک کریں اور چیک کریں۔**

# گرم گاڑی سے حفاظت 🚗

## بچوں یا پالتو جانوروں کو کبھی گاڑی میں نہ چھوڑیں — حتیٰ کہ ایک منٹ کے لیے بھی نہیں۔

Safe Kids STRONG COMMUNITIES

گاڑیاں منٹوں میں خطرناک حد تک گرم ہو سکتی ہیں، یہاں تک کہ معتدل دنوں میں بھی اور جب کھڑکیاں معمولی سی کھلی ہوں تب بھی۔ ایک بچے کے جسم کا درجۂ حرارت بالغ افراد کے مقابلے میں بہت تیزی سے بڑھتا ہے، جو چند منٹوں میں جان لیوا بن سکتا ہے۔

- گاڑی سے نکلتے وقت بچوں اور پالتو جانوروں کو ہمیشہ ساتھ لے کر جائیں، خواہ ایک مختصر پڑاؤ کے لیے ہی کیوں نہ ہو
- بچوں کو سکھائیں کہ وہ گاڑیوں کے اندر، اوپر یا آس پاس نہ کھیلیں
- بچوں کو اندر جانے سے روکنے کے لیے جب گاڑی استعمال میں نہ ہو تو اسے لاک کریں

**یاد رکھیں: تالا لگانے سے پہلے دیکھ لیں۔**

**کیا مزید معلومات درکار ہیں؟**

QR کوڈ اسکین کریں یا حفاظتی نکات، وسائل، اور اپنے قریب ٹھنڈی جگھوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے نیچے دی گئی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

🔗 **torontoccas.org/safe-kids**

**Safe Kids, Strong Communities**

ٹورنٹو بھر میں بچوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے مل کر کام کرنے والی کمیونٹی تنظیموں کی شراکت داری ہے۔ ہر خاندان اس علم اور آلات کا مستحق ہے جو چوٹوں سے بچاؤ اور زندگیاں بچانے میں مدد دے سکتے ہیں۔